فوری ریلیز کے لیے: 22/12/2022　　　　　　　　　　　　　　***گورنر KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے جمعرات کی رات سے لے کر پیر تک تعطیلات کے دوران سفر پر اثر انداز ہونے والے متوقع طوفان سے قبل ریاست بھر میں ہنگامی حالت کا اعلان***

***جیسے کہ موسم سرما کا طوفان ریاست نیو یارک کی جانب بڑھ رہا ہے تو اگلے کئی دنوں میں موسلا دھار بارش اور برف باری، تیز ہواؤں، سمندری ساحل اور جھیل کے ساحلی کنارے پر سیلاب، شدید انجماد، زمینی سطح کے قریب شدید یخ ہوائیں اور بجلی کی بندش سب کا امکان ہے***

***مغربی نیو یارک میں بین الریاستی اور ریاستی ہائی ویز پر رعایت کے ساتھ بندش، اور NYS تھروویے (I-90) پر ایگزٹ 46 (راچسٹر، I-390) اور پنسلوانیا کی سرحد کے درمیان جمعہ کی صبح 6 بجے سے — تجارتی گاڑیوں پر مکمل پابندی کا آغاز***

***نیو یارک کی یوٹیلیٹیز طوفان سے نمٹنے کے لئے 2,200 اضافی بیرونی کارکنان اکھٹے کر رہی ہیں؛ ریاستی وسائل اور عملہ متاثرہ علاقوں میں تعیناتی کے لیے تیار ہیں***

***گورنر Hochul نے تعطیلات کے لیے سفر کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ جمعرات کو نکلیں یا سفر کے لیے اتوار تک انتظار کریں، کیونکہ ریاست بھر میں بروز جمعہ اور ہفتہ سڑکوں کی حالت شدید خطرناک ہو گی***

شدید موسم سرما کے نظام سے ریاست بھر میں جمعرات کی شام سے شروع ہونے اور پیر تک جاری رہنے والی مخلوط طوفانی رکاوٹوں کی پیش گوئی کی وجہ سے گورنر Kathy Hochul نے آج پوری ریاست نیو یارک کے لیے پیشگی ہنگامی حالت کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے مختلف علاقوں میں ہفتہ وار تعطیلات کے دوران موسلادھار بارش اور برفباری، تیز ہوائیں، سمندری ساحل اور جھیل کے کنارے سیلاب اور شدید انجماد سب کا امکان ہے۔ مزید برآں، تین فٹ تک برف جمع ہونے کی پیش گوئی کے ساتھ منجمد جھیل کے اثر سے جمعہ کی رات سے شروع ہونے والی اور پیر تک جاری رہنے والی برفباری جھیل ایری اور اونٹاریو سے ملحقہ علاقوں کو متوقع طور پر متاثر کرے گی۔

"چونکہ اس ہفتہ وار تعطیل کے دوران فطرت اپنی تمام تر حشر سامانیوں کے ساتھ جلوہ گر ہے، میں تعطیلات کے دوران سفر کو زیر غور لانے والے نیو یارک کے باشندوں کو جمعہ کے دن سے پہلے یا اتوار کے بعد سفر کرنے کی ترغیب دیتی ہوں تاکہ وہ محفوظ رہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری ایجنسیز اچھی طرح سے تیار، مربوط اور طوفان کے ردعمل کے لیے ضرورت پڑنے پر وسائل اور آلات کو تعینات کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ نیویارک کے تمام باشندے اپنے عزیزوں کے ساتھ تعطیلات منانے کے لیے جہاں جانا چاہتے ہیں وہاں محفوظ طریقے سے پہنچ جائیں۔"

جمعرات سے جمعہ تک ریاست کے بیشتر علاقوں میں بارش، برفباری ہونے اور تیز ہواؤں کے ساتھ بعض مقامات میں تین انچ تک بارش ہونے کے امکان کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ بارش اور تیز ہواؤں کی وجہ سے جمعہ کی صبح درمیانے سے بڑے درجے کے ساحلی سیلاب (1-2 فٹ) کا امکان ہے، اور بارش، برف پگھلنے اور تیز ہواؤں کی وجہ سے جھیل ایری اور جھیل اونٹاریو کے کنارے پر سیلابی سطح سے تین فٹ کی بلندی تک سیلاب کا امکان ہے۔

جمعہ سے شروع ہو کر ہفتہ کی صبح تک جاری رہنے کے بعد، ریاست کے بیشتر حصوں میں 60 میل فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی توقع ہے جس سے درجہ حرارت بعض علاقوں میں 35 ڈگری سے زیادہ تیزی سے اور نمایاں طور پر کم ہو جائے گا، جس سے شدید انجماد، صفر درجہ حرارت سے کم کی یخ بستہ ہواؤں اور سڑکوں کے برفیلے ہونے کے امکانات ہیں۔ یہ مغربی نیو یارک میں جمعہ کی صبح کے وقت سفر اور باقی ریاست کے لیے شام کے وقت سفر کرنے کے حالات کو متاثر کرے گا۔ جمعے اور ہفتہ کے روز اتنی تیز ہوائیں چلیں گی کہ درختوں اور بجلی کی تاروں کو گرا سکتی ہیں۔

جمعہ کی رات اور پیر تک جاری رہنے والے، منجمد جھیل کے اثر سے ہونے والی برفباری جھیل ایری اور جھیل اونٹاریو کے علاقوں کو متاثر کرے گی، اور امکان ہے کہ تیز ہوائیں برف کو اڑانے اور برفانی تودوں کا باعث بنیں گی جس کی وجہ سے حد نگاہ صفر رہ جائے گی اور مقامی طور پر برفانی طوفان جیسے حالات پیدا ہو جائیں گے۔ بفلو اور واٹر ٹاؤن کے علاقوں میں اتوار کی رات تک تین فٹ تک برف پڑ سکتی ہے۔ ریاست کے بالائی علاقوں میں معمول سے کم، نچلی سطح پر یخ بستہ ہواؤں کے ساتھ منجمد کرنے والا درجہ حرارت پیر تک برقرار رہنے کی توقع ہے۔

گورنر Hochul نے نیو یارک کے رہائشیوں کو تاکید کی کہ وہ اس ہفتے سفر کرنے کی صورت میں، تمام ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں، اور شدید موسمی اثرات کے پیش نظر پیشگی منصوبہ بندی کریں۔

برفانی طوفان کے انتباہات، سمندری ساحلی سیلاب کے انتباہات جھیل کے ساحلی کنارے طوفانی انتباہات، تیز ہواؤں کے انتباہات، یخ بستہ ہواؤں کے انتباہات، اور موسم سرما کے طوفان کے انتباہات اس ہفتہ وار تعطیل کے دوران ریاست بھر کی متعدد کاونٹیز میں نافذ العمل ہوں گے۔ نیو یارک بھر میں موسم کی نگرانیوں، انتباہات، اور مشوروں کی مکمل فہرست کے لیے قومی محکمۂ موسمیات کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**ریاست نیو یارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی سروسز کی کمشنر Jackie Bray نے کہا،** "اس طوفان کی ٹائم لائن بڑھ گئی ہے۔ اگر آپ اس ہفتے کے آخر میں سفر کرنے کا ارادہ کر رہے ہیں تو اس کی بجائے آج رات سفر کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں یا اتوار کی صبح تک انتظار کریں۔ ریاست کے بیشتر حصوں کو درپیش حالات کے پیش نظر براہ کرم، جمعے اور ہفتے کے روز سفر کرنے سے گریز کریں۔ خطرناک سڑکوں کے علاوہ، تیز ہوائیں بجلی کی بندش کا سبب بن سکتی ہیں۔ بجلی کے جانے کے امکانات کے لیے تیار رہیں۔"

**ایجنسی کی تیاریاں**

**ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز**

ریاست نیو یارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی سروسز نے ریاستی ایجنسی کی ردعمل کی کارروائیوں میں تعاون کرنا شروع کیا اور اس ہفتے کے شروع میں موسمی اثرات سے نمٹنے کی پیشگی تیاری کو یقینی بنانے کے لیے مقامی حکومتوں سے رابطہ کیا۔ ریاستی ایمرجنسی آپریشن سنٹر جمعے کی صبح کو فعال ہو جائے گا۔

دفتر برائے ہنگامی انتظامات زنجیری آریاں اور جنریٹر پہلے سے لگانے کے لئے ایری کاؤنٹی کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے، اور بفلو میں امریکی کوسٹ گارڈ کو ریت کے تھیلے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ جھیل کے ملحقہ ساحلی علاقوں میں آنے والے ممکنہ سیلاب سے بچا جا سکے۔ آگ کی روک تھام اور بجھانے کے ریاستی دفتر کے پاس باہمی امداد کی درخواستوں پر امدادی کاروائیاں کرنے کے لئے درکار سازوسامان اور اہلکار موجود ہیں۔

ریاست کے دس ذخیروں میں DHSES کے پاس طوفان سے متعلقہ معاملات سے نمٹنے کے لئے مندرجہ ذیل قابل تعیناتی ساز و سامان اور آلات موجود ہیں:

- 1,487 جنریٹرز
- 985 پمپ
- 528 زنجیری آریاں
- 250 روشنی کے ٹاور
- پلنگ، تکیے، کمبل، پانی، اور MREs

**ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس**

نیو یارک یوٹیلیٹیز کے پاس ریاست بھر میں موسم سرما کے اس ہفتے وقوع پذیر ہونے والے طوفانی ایونٹ کی تیاری کے لیے تقریباً 7,700 کارکنان ریاست بھر میں موجود ہیں جو نقصان کا جائزہ، تاروں کی حفاظت، ردعمل، مرمت اور بحالی کی کوششوں میں مشغول ہیں۔

- اس میں نیشنل گرڈ کی جانب سے حاصل کیے گئے اضافی 800 بیرونی لائن اور جنگلاتی کارکنان شامل ہیں،
- NYSEG اور RG&E کی جانب سے حاصل کیے گئے 330 بیرونی لائن اور جنگلاتی کارکنان شامل ہیں،
- وسطی ہڈسن کی جانب سے حاصل کیے گئے 95 بیرونی لائن اور جنگلاتی کارکنان شامل ہیں،
- اورنج اور راکلینڈ کی جانب سے حاصل کیے گئے 150 بیرونی لائن اور جنگلاتی کارکنان شامل ہیں اور
- Con Edison کی جانب سے حاصل کیے گئے 800 بیرونی لائن اور جنگلاتی کارکنان شامل ہیں۔
- DPS کا عملہ اس پورے طوفان کے دوران یوٹیلیٹیز کے امدادی اور بحالی کاموں پر نظر رکھے گا اور یہ امر یقینی بنائے گا کہ یوٹیلیٹیز سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں امدادی وسائل پہلے منتقل کریں۔

**محکمہ ٹرانسپورٹیش**

ریاستی محکمہ ٹرانسپورٹیشن موسم کی صورتحال کی نگرانی کر رہا ہے اور 3,450 سپروائزرز اور آپریٹرز کے ساتھ کاروائیاں کرنے کے لئے تیار ہے۔ علاوہ ازیں، اس ایونٹ کے ردعمل میں معاونت دینے کے لیے ICS کے 75 اہلکار دستیاب ہیں۔ تمام متاثرہ رہائشی مقامات میں ہنگامی صورتحال کے پورے عرصے کے دوران عملہ 7/24 کارروائیاں انجام دینے کے لیے دستیاب رہے گا۔ عملے کی تشکیل کاری برفباری یا پانی کے انجماد، سیلاب، برف کاٹنے، لادنے اور کسی دوسری جگہ منتقل کرنے، اٹھانے اور پھینکنے (دستی اوزار کی مدد سے)، ٹریفک سگنل، وغیرہ جیسے کسی بھی قسم کے ایسے ردعمل کے گروہ میں کی جا سکتی ہے جس کی ضرورت ہو۔ تمام ساز و سامان اور آلات کام کرنے کے لیے تیار حالت میں ہیں۔

ریاستی محکمہ برائے آمد و رفت ایری کاؤنٹی میں درج ذیل سڑکوں کو جمعہ کی صبح 6 بجے سے تمام ٹریفک کے لیے بند کرنے کی تیاری کر رہا ہے جب تک کہ حالات بہتر نہ ہو جائیں:

- ریاستی روٹ 400
- ریاستی روٹ 219
- I-290
- I-190
- ریاستی روٹ 5 (بِگ ٹری سڑک سے لے کر I-190 تک)

ایگزٹ 32 (سنٹرل اسکوائر) سے ایگزٹ 51 (ایلیکس بے) تک بین الریاستی 81 پر ٹرکوں کے لیے "ٹرکس دائیں لین کا استعمال کریں" پر پابندی جمعہ کی دوپہر سے شروع ہو گی۔

علاقائی عملہ اس وقت تمام رکاوٹوں سے نمٹنے کی تیاریوں میں مشغول ہے۔ نکاسی آب کی ساختوں کی نگرانی کی جارہی ہے اور کسی بھی قسم کا ملبہ ہٹایا جا رہا ہے۔ اہم علاقوں میں ردعمل کی سرگرمیوں میں معاونت دینے کے لیے، کل 65 نفوس پر مشتمل عملہ، بشمول 59 پلو ٹرک آپریٹرز، 4 سپروائزر، 1 معاونتی مینیجر، ICS کا 1 معاونتی ماہر، 10 پلو ٹرکس، 2 اسنو بلوورز، اور 1 عدد گریڈر مغربی نیو یارک میں تعینات کیے جا رہے ہیں۔ یہ حسبِ ذیل تقسیم کیے گئے ہیں:

- 3 پلو ٹرکس منجانب مرکزی نیو یارک
- 2 پلو ٹرکس، 2 سنو بلوورز، اور 1 عدد گریڈر منجانب فنگر لیکس
- 4 آپریٹرز اور 2 پلو ٹرکس منجانب مغربی جنوبی سلسلہ
- 26 آپریٹرز، 2 سپروائزر، اور 1 معاونتی مینیجر منجانب مڈ ہڈسن خطہ
- 10 آپریٹرز، 1 سپروائزر، اور 3 پلو ٹرکس منجانب جنوبی سلسلہ
- 19 آپریٹرز اور 1 سپروائزر منجانب لانگ آئیلینڈ
- ICS کا 1 ماہر منجانب کیپیٹل ڈسٹرکٹ

جوں جوں ہنگامی حالات کی صورتحال تبدیل ہوتی جائے گی، اس کے مطابق اضافی وسائل کی ضرورت (آپریٹرز، ٹرکس، مکینکس، EOI's) کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔ جنریٹر کے ذخیرے کو تاریک سگنل کے ردعمل میں معاونت کے لیے تعیناتی کی خاطر تیار کیا جا رہا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں فلیٹ مکینکس تمام مرکزی رہائشی مقامات پر بحالی و مرمت انجام دینے اور ٹرکس کو سڑک پر رواں رکھنے کے لیے 7/24 کام کریں گے۔ ریاست بھر میں سامان و آلات کی تعداد درج ذیل ہے:

- 1740 بڑے اور درمیانے ڈیوٹی پلو ٹرکس
- 52 ٹو پلوز
- 37 اسنو بلوورز
- 338 لوڈرز
- 13 ٹری کریو بکٹ ٹرکس
- 78 چپرز
- 32 ٹریفک سگنل ٹرکس
- 20 گریڈرز
- 73 ایکسکیویٹرز

سفر کی تازہ ترین معلومات کے لیے 511 پر کال کریں، NY.org511 پر تشریف لائیں یا مفت NY511 موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

**تھرووے اتھارٹی**

تھرووے اتھارٹی کے اہلکار چوبیس گھنٹے کام کر رہے ہیں اور ریاست بھر میں 678 آپریٹرز اور سپروائزرز کے ساتھ طوفانی حالات سے نمٹنے کے لیے ردعمل کے طور پر تیار ہیں۔ تھرووے نے اپنے نیو یارک، اور البانی ڈویژنز سے اضافی عملے اور آلات کو منتقل اور تعینات کیا ہے تاکہ مغربی نیو یارک کے ممکنہ طور پر سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں برفباری اور پانی کے انجماد کی کارروائیوں میں مدد کی جا سکے۔ تعین کردہ وسائل میں آپریٹرز اور سپروائزرز، اور بڑے پلو ٹرکس شامل ہیں۔

جمعہ صبح 6 بجے سے شروع، ریاست نیویارک تھرووے (I-90) ایگزٹ 46 (راچسٹر I-390) سے لے کر پنسلوانیا کی سرحد تک، اور نیاگرا تھرووے پر I-90 سے ایگزٹ 22 (روٹ 62) تک **تمام کمرشل ٹریفک** پر پابندی عائد کر دی جائے گی۔

تھرووے ریاست بھر کے آلات کی تعداد اور وسائل ذیل میں درج ہیں:

- 352بڑے اور درمیانے ڈیوٹی پلو ٹرکس
- 10 ٹو پلوز
- 66 لوڈرز
- فوری استعمال کے لئے ہاتھ پر موجود 119,000 ٹن نمک

تھرووے پر گاڑیاں چلانے والوں اور ان میں سوار افراد کو سردیوں کے موسمی حالات سے آگاہ کرنے کے لیے قابلِ ترمیم پیغامات والے اشاروں اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جا رہا ہے۔

تھرووے اتھارٹی گاڑی چلانے والوں کو اپنی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ترغیب دیتی ہے جو کہ iPhone اور Android ڈیوائسز کے لئے مفت دستیاب ہے۔ یہ ایپ موٹر گاڑی چلانے والوں کو ٹریفک کی حقیقی معلومات، لائیو ٹریفک کیمروں، اور دوران سفر راستہ تلاش کرنے کی معاونت تک براہ راست رسائی فراہم کرتی ہے۔ گاڑیوں کے مسافر TRANSalert ای میلز کے لئے سائن اپ کر سکتے ہیں جو تھرووے پر تازہ ترین صورتحال کے متعلق معلومات فراہم کرتی ہیں۔

**نیویارک ریاستی پولیس**

ریاستی پولیس طوفان سے نمایاں طور پر متاثرہ علاقوں میں اضافی گشت تفویض کرے گی۔ تمام فور وہیل ڈرائیو اور خصوصی گاڑیوں نے خدمات جاری رکھی ہوئی ہیں، بشمول یوٹیلیٹی ٹاسک گاڑیاں اور برف پر چلنے والی موبائل گاڑیاں۔

**ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن**

DEC ماحولیاتی تحفظاتی پولیس افسرز، فاریسٹ رینجرز، عملہ برائے ہنگامی انتظام اور علاقائی عملہ چوکس ہیں اور تبدیل ہونے والی صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں اور شدید موسم سے متاثر ہونے والے علاقوں اور بنیادی ڈھانچوں میں فعال طور پر گشت کر رہے ہیں DEC ایجنسی کے شراکت داروں کے ساتھ وسائل کی تعیناتی کو مربوط کر رہا ہے اور تمام دستیاب اثاثوں کو کسی بھی ہنگامی صورتحال میں امدادی کاروائیوں کے لئے تعینات کیا جا رہا ہے۔

DEC ملک کے عقبی حصے کے صارفین کو موسم سرما کے حالات کے بارے میں آگاہ اور تیار رہنے کا مشورہ دے رہا ہے۔ آپ کی جسمانی صلاحیت یا منزل سے قطع نظر موسمِ سرما میں ہائیکنگ اور سکی انگ کی سلامتی اور تیاری انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ سرد موسمی حالات میں مزید لطف اندوز ہونے اور زیادہ محفوظ رہنے کے لیے مناسب طریقے سے تیاری انتہائی ضروری ہے۔ شدید برف باری کے دوران اور اس کے فوراً بعد، کھلے، منکشف علاقوں جیسے ننگی چوٹیوں سے بچیں اور کھلی ڈھلوانوں پر یا اس کے قریب سفر کرتے وقت انتہائی احتیاط برتیں۔ اضافی معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

DEC کی جانب سے بڑے پیمانے پر برف کو ہٹانے اور ٹھکانے لگانے کے ذمہ داروں کو یاد دہانی کروائی گئی ہے کہ وہ بہترین انتظامی طریقوں پر عمل کریں تاکہ سیلاب کو روکنے میں مدد ملے اور پانی کے معیار کو متاثر کرنے والی برف میں موجود اشیاء مثلاً نمک، ریت، تیل، ملبے، اور دیگر فضولیات کے امکان کو کم سے کم کریں۔ مقامی نالیوں اور ندیوں میں برف کو ٹھکانے لگانے سے برف کے ڈیم بن سکتے ہیں جو قریبی علاقوں میں سیلاب کا سبب بن سکتے ہیں۔ سرکاری اور نجی برف ہٹانے والے آپریٹرز کو طوفان کے دوران اور بعد میں ان حفاظتی مسائل سے آگاہ ہونا چاہیئے۔ اضافی معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

**پارکس، تفریح گاہوں اور تاریخی ورثہ کے تحفظ کا دفتر**

نیو یارک اسٹ کی پارک پولیس اور پارک کا عملہ ہوشیار ہے اور موسمی صورتحالوں اور ان کے اثرات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ گرے ہوئے درختوں اور شاخوں کو سڑک کے راستے سے ہٹانے کے لیے سات ساویئر عملہ جات مدد کے لیے تیار ہے۔ پارک جانے والے سیاحوں کو پارک کے اوقات، کھلنے اور بند ہونے کے بارے میں تازہ ترین اپ ڈیٹس کے لیے parks.ny.gov کو چیک کرنا چاہیئے یا اپنے دفتر برائے پارک کو کال کرنی چاہیئے۔

**نیویارک بجلی اتھارٹی / کینال کارپوریشن**

نیو یارک بجلی اتھارٹی اور کینال کارپوریشن کا عملہ یہ امر یقینی بنانے میں ہمہ تن مصروف ہے کہ تمام سہولیات، اثاثے اور سازوسامان تیار اور دستیاب ہو۔ اگر ضرورت پڑی تو بجلی اتھارٹی بجلی بحال کرنے کی کاروائیوں میں ہاتھ بٹانے کے لیے تیار ہے۔

**نیویارک اور نیو جرسی کی پورٹ اتھارٹی**

پورٹ اتھارٹی موسمی حالات پر نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ رفتار کی پابندیاں پلوں کے ساتھ ساتھ چوراہوں سے آنے اور جانے والی سڑکوں پر بھی لاگو ہو سکتی ہیں۔ پورٹ اتھارٹی کی سہولیات پر سفر کرنے والے مسافروں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تاخیر اور منسوخیوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے براہ راست آمدورفت فراہم کنندگان اور ایئر لائنز سے رابطہ کریں۔ پورٹ اتھارٹی کی سہولیات کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لئے، براہ کرم سوشل میڈیا چیک کریں، PA الرٹس کے لئے سائن اپ کریں، یا PA موبائل ایپس میں سے کوئی ایپ ڈاؤن لوڈ کریں، بشمول RidePATH جو PATH سروس کے متعلق حقیقی وقت میں اپ ڈیٹس اور انتباہات فراہم کرتی ہے۔

**میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی**

میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی محفوظ، قابل اعتماد سروس کو یقینی بنانے کے لیے موسمی حالات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ MTA کے ملازمین موسم سے متعلق تمام معاملات کا مقابلہ کرنے اور راستوں پر گرنے والے درختوں کو ہٹانے کے لیے ہمہ وقت تیار ہوں گے۔

MTA بریجز اور ٹنلز میں خالی ٹریکٹر-ٹریلرز اور ٹینڈم ٹرکس پر جمعرات رات 8:00 سے جمعہ رات 8:00 بجے تک پابندی عائد ہو گی۔ کراس بے بریج اور میرین پارک وے بریج پر راہگیری راستے اسی مدت کے دوران بند رہیں گے؛ RFK بریج اور ہنری ہڈسن بریج پر راہگیری راستے موسمی حالات کے لحاظ سے بند ہو سکتے ہیں۔

صارفین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تازہ ترین سروس اپ ڈیٹس کے لیے new.mta.info چیک کریں اور سسٹم پر سفر کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ صارفین کو چاہیے کہ ٹیکسٹ یا ای میل کے ذریعے فوری سروس الرٹس کے لیے بھی سائن اپ کریں۔ یہ الرٹس MTA کی ان ایپس کے ذریعے بھی دستیاب ہیں: MYmta اور TrainTime۔

**<u>مددگار حفاظتی ٹوٹکے</u>**

**موسم سرما کے سفر میں حفاظت**
موسم سرما کے طوفانوں کے دوران اموات اور زخمیوں کی سب سے بڑی وجہ ٹرانسپورٹیشن کے حادثات ہیں۔ وہیل کے پیچھے بیٹھنے سے قبل یہ مددگار حفاظتی ٹوٹکے ملاحظہ کر لیں:

- موسم سرما کے طوفان کے دوران، اشد ضروری صورتحال کے علاوہ گاڑی نہ چلائیں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کی گاڑی پر سے جمی ہوئی برف اور کچی برف صاف کر لی گئی ہے۔ اچھی بصارت اچھی ڈرائیونگ کے لئے انتہائی اہم ہے۔

- اپنی رفتار کو ہمیشہ سڑک اور موسمی حالات سے موافق رکھیں۔ اس کی منصوبہ بندی کریں کہ کہاں رکنا ہے اور گاڑیوں کے درمیان زیادہ فاصلہ برقرار رکھیں۔
- انتہائی ہوشیار رہیں اور یاد رکھیں کہ چھوٹے بچے برفانی تودوں میں غائب ہو سکتے ہیں۔
- اگر سفر کرنا آپ کے لئے انتہائی ضروری ہے، تو دوران سفر یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی کار میں زندگی بچانے والی اشیاء مثلاً کمبل، بیلچہ، ٹارچ اور اضافی بیٹریاں، اضافی گرم کپڑے، ٹائروں پر چڑھانے والی زنجیریں، بیٹری بوسٹر کیبلز، فوری توانائی کی حامل خوراکیں اور ہنگامی صورتحال میں جھنڈے کے طور پر استعمال کرنے کے لیے چمکدار رنگوں والے کپڑے موجود ہوں۔
- اگر آپ کے پاس سیل فون یا دو طرفہ ریڈیو سیٹ بطور دیگر مواصلاتی آلہ استعمال کے لیے دستیاب ہے، تو بیٹری کو چارج رکھیں اور جب بھی سفر کریں اپنے ساتھ رکھیں۔

**ٹھنڈے موسم میں حفاظت**

- "ونڈ چل" کے متعلق معلومات رکھیں - یعنی ہوا کی ایسی ٹھنڈک جو اصل درجہ حرارت کے ساتھ ملا کر بنتی ہے - جو انسانی جسم میں سے گرمائش کے زیادہ اخراج کا سبب بن سکتی ہے۔
- مناسب کپڑے پہنیں اور زیادہ دیر تک سردی میں رہنے سے گریز کریں۔
- جب ضروری ہو تو لباس کی تہوں کے ساتھ ٹوپی اور دستانے پہنیں۔ جسم کے کسی بھی حصے کو غیر ضروری طور پر سرد فضاء میں نکالنے سے گریز کریں۔
- گرم مشروبات وغیرہ یا گرم پانی کافی مقدار میں پئیں لیکن کیفین اور الکحل سے پرہیز کریں۔ جسم کی گرمائش قائم رکھنے کے لئے فعال رہیں۔
- سردی سے باقائدگی کے ساتھ وقفے لیں۔
- اگر کسی شخص میں ہائپوتھرمیا یا فراسٹ بائٹ کی علامات ظاہر ہوں، تو ٹھنڈی جگہ سے باہر نکالیں، اسے آہستہ آہستہ گرمی پہنچائیں، اور طبی امداد حاصل کریں:

-برف کے اثر سے جسمانی اعضاء کا ماؤف ہو جانا: اس کی علامات میں احساس کا ختم ہونا، ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں، کانوں اور ناک میں سفیدی یا پیلاہٹ ظاہر ہونا شامل ہیں۔

-ہائپوتھرمیا (معمول سے کم جسمانی درجہ حرارت): علامات میں بے قابو کپکپی، بولنے میں سستی، یادداشت کی کمی، بار بار ٹھوکر کھانا، اور غنودگی شامل ہیں۔

**جبری مشقت**

برف کو بیلچے سے ہلانا، ملبہ صاف کرنا یا گاڑی کو دھکا لگانا، ایسی بھاری مشقت سے دل کے دورے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ طوفان کے بعد محفوظ رہنے کے لئے ان ٹوٹکوں پر عمل کریں:

- سردی سے محفوظ رہیں، گرم کپڑے پہنیں اور کھلی جگہ پر کام کرنے کے دوران سست رفتار رہیں۔
- زیادہ مشقت سے بچنے کے لیے کثرت سے وقفہ برائے آرام لیں
- اگر آپ کو سینے میں درد، سانس لینے میں دشواری، یا آپ کے جبڑے میں درد آپ کے بازو کے نیچے پھیلتا ہوا محسوس ہوتا ہے تو - کام چھوڑ دیں اور فوری مدد طلب کریں۔

**بجلی کی بندشیں**

موسم سرما کے طوفان بجلی کی بندش کا سبب بن سکتے ہیں۔ اس سے پہلے کہ لائٹیں بجھیں ان حفاظتی ٹوٹکوں کا جائزہ لیں تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ ہنگامی صورتحال میں کیا کرنا ہے:

- اپنے یوٹیلیٹی فراہم کنندہ کو کال کرکے بندش کی اطلاع دیں۔
- تمام گری ہوئی بجلی کی تاروں سے دور رہیں اور انہیں مرمت کے لئے یوٹیلیٹی فراہم کنندہ کو رپورٹ کریں؛ ہمیشہ اس مفروضے پر عمل کریں کہ بجلی کی گری ہوئی سب لائنوں میں بجلی موجود ہے۔
- ہنگامی صورتحال میں روشنی کرنے کے لئے صرف ٹارچ یا فلیش لائٹس استعمال کریں - موم بتیوں سے آگ لگنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

- کھانے خراب ہونے سے بچانے کے لیے اپنے ریفریجریٹر اور فریزر کے دروازوں کو بند رکھیں-جس چیز پر شک ہو، اسے باہر پھینک دیں!
- گھر کے اندر کوئلے والی گرل یا جنریٹر کا استعمال نہ کریں اور گرمائش پیدا کرنے کے لئے گیس کا چولہا استعمال نہ کریں- ان سے کاربن مونو آکسائڈ کی نقصان دہ سطح پیدا ہو سکتی ہے-
- بڑے آلات کو آف کردیں تاکہ جب بجلی واپس آئے تو بجلی کے اچانک جھٹکے سے کوئی نقصان نہ ہو جائے - کوئی ایک لائٹ آن رکھیں تاکہ جب بجلی واپس آئے تو آپ کو پتہ چل جائے-

**گھر کو گرم کرنا**

گرم کرنے والے آلات گھروں میں آگ سے ہونے والی اموات کی بڑی وجوہات میں سے ایک ہیں- ان اہم اقدامات پر عمل کرکے اپنے پیاروں کو محفوظ رکھیں:

- تمام آتش گیر اشیاء کو گرم کرنے والے آلات سے کم از کم تین فٹ دور رکھیں-
- سپیس ہیٹرز سمیت تمام آلات کو ہمیشہ براہ راست کسی رسیپٹکل میں پلگ ان کریں- آلات کو کبھی بھی کسی پاور سٹرپ یا ایکسٹینشن میں پلگ ان نہ کریں-
- یقینی بنائیں کہ ہر بیڈروم میں، سونے کی جگہوں کے باہر، اور آپ کے گھر کی ہر منزل میں کام کرتا ہوا دھوئیں کا الارم موجود ہو-

طوفان سے قبل، اس کے دوران، یا بعد میں تمام غیر ہنگامی خدمات کے لئے 211 پر کال کریں یا nys.org211 ملاحظہ کریں-

مزید حفاظتی تجاویز کے لیے، ریاست نیو یارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی سروسز کی حفاظتی تجاویز کا ویب پیج www.dhses.ny.gov/safety ملاحظہ کریں-

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418